مجھے ورجینیا سن بکس کیسے حاصل ہو گا؟

VIRGINIA DEPARTMENT OF SOCIAL SERVICES

VIRGINIA SUN BUCKS

SNAP وصول کنندگان

اگر آپ کا گھرانہ SNAP میں شرکت کرتا ہے، تو ورجینیا سن بکس کے فوائد آپ کے موجودہ Snap EBT کارڈ پر لوڈ ہو جائیں گے۔

یا

غیر SNAP وصول کنندگان

اگر آپ کا گھرانہ SNAP میں شرکت نہیں کرتا، تو آپ کے ورجینیا سن بکس کے فوائد ایک نئے سن بکس میں لوڈ کر دیے جائیں گے جو آپ کے اسکول کی فائل میں موجود ایڈریس پر بذریعہ ڈاک ارسال کیے جائیں گے۔

میں ورجینیا سن بکس فوائد سے کیا کچھ خرید سکتا/سکتی ہوں؟

آپ اپنے فوائد کو پھلوں، سبزیوں، گوشت، سالم اناج اور ڈیری جیسی کھانے کی اشیاء کی خریداری کے لیے ایسے گروسری اسٹورز، فارمرز مارکرز اور دیگر مقامات پر استعمال کر سکتے ہیں جو SNAP EBT کے فوائد کو قبول کرتے ہیں۔

مجھے اپنا سن بکس کارڈ ڈاک کے ذریعے ملنے پر کیا کرنا چاہیئے؟



آپ کا نیا ورجینیا سن بکس کارڈ ڈاک کے ذریعے آئے گا، ساتھ ہدایات ہوں گی جو مرحلہ وار کارڈ کو فعال کرنے کا طریقہ بتائیں گی۔ آپ پچھلے سالوں کے کسی بھی سن بکس کارڈ کو تلف کر سکتے ہیں۔

VDSS کی جانب سے ورجینیا سن بکس کے فوائد کب جاری ہوں گے؟

یہ فوائد جون 2026 کے آغاز سے مرحلہ وار بنیادوں پر خود بخود اہل قرار پانے والے بچوں اور درخواست کے ذریعے اہل قرار پانے والے خاندانوں کو دیے جائیں گے۔ خاندانوں کو ورجینیا سن بکس کے فوائد مختلف اوقات میں مل سکتے ہیں، اس بات پر منحصر ہے کہ وہ کب درخواست دیتے ہیں۔